# حکومت گلگت بلتستان

## نظامت بہبود آبادی گلگت بلتستان

## نوٹس برائے طلبی ٹینڈر

نظامت بہبود آبادی گلگت بلتستان کو برائے مالی سال 2026-27 کے لئے درج ذیل کیٹگری/شعبے میں مطلوبہ خدمات کی فراہمی کیلئے مستند متعلقہ شعبے میں تجربہ کار اور رجسٹرڈ فرمز/ کاروبار کے حامل خواہشمند سپلائرز سے سربمہر پیشکشیں مطلوب ہیں۔ ادارہ ھذا کو مطلوبہ خدمات اور اشیاء کی تفصیل و تشریح ٹینڈر دستاویزات میں فراہم کی گئی ہیں جو کہ دفتر ھذا سے اس اشتہار کی اخبار میں اشاعت کی تاریخ سے حاصل کی جاسکتی ہیں اور ذیل میں دی گئی تاریخ اور وقت تک زیر دستخطی کے دفتر میں جمع کی جاسکتی ہیں۔ جو کہ ذیل میں دی گئی تاریخ اور وقت پر کھولی جائیں گی:۔

| کیٹگری<br>Categary | تفصیل<br>Calassification | ٹینڈر جمع کرنے کی تاریخ اور وقت<br>Date & Time of Closing | ٹینڈر کھولنے کی تاریخ اور وقت<br>Date & Time of Opening | زرضمانت<br>Call Deposit (Amount) |
|---|---|---|---|---|
| "A" | گاڑیوں کی مرمت<br>(Repair of Transport) | 2nd September, 2026<br>(11;00 am) | 2nd September, 2026<br>(11;30 am) | 32 ہزار 5 سو روپے |

**بنیادی شرائط و ضوابط:**

i۔ ٹینڈر کھولنے کے دوران اپنی/اپنے مجاز نمائندے کی موجودگی کو یقینی بنانا ٹینڈر دھندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ عدم موجودگی کی صورت میں نہ انتظار کیا جائے گا نہ کوئی عذر اور اعتراض قابل قبول ہوگا۔ مجاز نمائندے کے پاس اتھارٹی لیٹر ہونا ضروری ہے!

ii۔ متعلقہ کیٹگری کے ٹینڈر کے ہمراہ دی گئی رقم کے مساوی سٹیٹ بنک سے منظور شدہ شیڈول بنک کا جاری کردہ اصلی کال ڈپازٹ بنام زیر دستخطی منسلک کرنا ضروری ہے۔ کواپریٹو سوسائٹیز / بنک جو کہ سٹیٹ بنک سے شیڈول بنک کے طور پر منظور شدہ نہیں ہیں ان کے کال ڈپازٹ قابل قبول نہیں ہونگے۔ کال ڈپازٹ کے بغیر ٹینڈر دہندہ کے کاغذات اسی وقت مسترد کئے جائیں گے۔

iii۔ ٹینڈر دھندہ کا متعلقہ شعبے سے منسلک فرم (ورکشاپ/ دوکان وغیرہ) کی رجسٹریشن کی تصدیق شدہ نقل فراہم کرنی ہونگی۔ ٹینڈر کمیٹی مجاز ہوگی کہ وہ تصدیق کیلئے وزٹ کرے۔ متعلقہ شعبے میں ٹینڈر دھندہ کے نام پر رجسٹرڈ ورکشاپ/فرم / دوکان نہ ہونے کی صورت میں ٹیڈر ٹینڈر دہندہ کے کاغذات مسترد کئے جائینگے۔

iv۔ ایسی پیشکش جن میں مارکیٹ کے عمومی ریٹ کے مقابلے میں نامناسب حد تک کم یا زیادہ ریٹ دی گئی ہوں ان کو مسترد کیا جاسکتا ہے۔

v۔ ٹینڈر متعلقہ فرم کی پرعظ لیٹر ھیڈ جس پر مکمل پتہ، فون نمبر رجسٹریشن نمبر اور مالک/ مالکان کا نام ہو پر جمع کرانا ہوگی۔ عدم تعمیل کی صورت میں ٹینڈر دہندہ کے کاغذات مسترد کئے جائینگے۔

vi۔ ٹینڈر کاغذات کے ساتھ 50 روپے کے اسٹامپ پیپر کہ ٹینڈر دھندہ کبھی کسی سرکاری/نیم سرکاری ادارے PPRA اور GB-PPRA سے بلیک لسٹ نہیں ہوا کا حلف نامہ جمع کرانا ہوگا۔

vii۔ ٹینڈر دھندہ کی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا ہوگی۔

viii۔ ٹینڈر کمیٹی اس بات کی مجاز ہوگی کہ وہ مطلوبہ معیار اور شرائط پر پورا نہ اترنے والے اور نامکمل مشروط اور مبہم پیشکشوں کو مسترد کرے۔

ix۔ غلط معلومات یا معلومات چھپانے کے مرتکب ٹینڈر دھندگان کی پیشکشوں کو مسترد کیا جائے گا۔

x۔ ٹینڈر دھندہ کا ذاتی ورکشاپ (گاڑیوں کی مرمت) کا ہونا لازمی ہے۔

(امین خان)
ڈائریکٹر

CS CamScanner